Deen-e-Qam

By Allama Mohammad Inayatullah Khan Al-Mashriqi





دینِ قیم

نماز کا فلسفہ اور بادشاہت زمین کا راز

علامہ محمد عنایت اللہ خان المشرقی

Digital File Compiled By

Nasim Yousaf

Copyright

First Digital Edition 2018

This publication (digital version) is compiled and reproduced in the United States of America.

Allama Inayatullah Khan Al-Mashriqi (Allama Mashriqi)

By Nasim Yousaf

Allama Inayatullah Khan Al-Mashriqi was born on August 25, 1888 and died on August 27, 1963. Mashriqi obtained his initial education at home and then attended school in Amritsar, prior to joining Foreman Christian College (F.C. College) in Lahore. He obtained his Masters degree in Mathematics from the University of Punjab and later went on to study at the University of Cambridge. Throughout his academic life, Mashriqi made history; it is believed that his academic records at the University of Cambridge - where he completed four Triposes within five years with distinction - are yet to be broken.

Upon completion of his studies, Mashriqi joined Islamia College (Peshawar) as Vice Principal prior to the launch of the College. As one of the College's founding fathers, Mashriqi worked hard to build it up; his efforts were well recognized by the community and he was promoted to Principal. Based on his success as an educationist, Mashriqi was appointed as Under Secretary at the Education Department of the Government of British India. Here, despite Mashriqi's stellar performance, policy differences with the British emerged and Mashriqi was subsequently demoted to Headmaster of Government High School in Peshawar. However, it wouldn't be long before the British would need Mashriqi again. When the Khilafat Movement began and Muslims began to migrate to Afghanistan, the British looked to Mashriqi to help stop the migration. In an attempt to regain his goodwill, they offered him Knighthood and the Ambassadorship to Afghanistan. Mashriqi declined both offers, as he considered them a means for the British authorities to use him for their own political purposes.

In addition to his work in Government, Mashriqi also gained recognition in scholarly and academic circles. Mashriqi's book *Tazkirah*, a scientific commentary on the Holy Koran, was nominated for the Nobel Prize in Literature. When the Nobel Prize Committee asked him to translate the book into any major European language as a prerequisite for consideration, he declined to do so; he considered this to be an insult to the millions of people who spoke the Urdu language. In May of 1926, Mashriqi attended the International Caliphate Conference in Cairo and delivered a historic speech entitled *Khitab-e-Misr*. The speech was published as a book by an Egyptian publisher and distributed in large numbers. Mashriqi remained in Egypt for a few months to deliver lectures. His book *Tazkirah* was heavily discussed and scholars of Al-Azhar University bestowed upon him the title of "Allama Mashriqi" (Sage of the East). The former Pakistani Ambassador to Egypt, Ahmad Saeed Kirmani stated (in a phone conversation with the author of this book, Mr. Nasim Yousaf): "…He was a man of very high stature. When I was Ambassador in Cairo, Mashriqi was still remembered in certain circles…" From Egypt, Mashriqi traveled to Europe and held meetings with scientists and scholars, including Albert Einstein. Mashriqi's work as a scholar and academic was recognized when he was inducted into several highly prestigious societies of Europe, including as Fellow of the Geographical Society (Paris), Fellow of the Asiatic Society, Fellow of the Royal Society of Arts (London), and Member of the International Congress of Orientalists (Leiden).

In 1930, Mashriqi founded the Khaksar Tehrik (Khaksar Movement) to revive the glory of the Indian nation. The Movement emphasized discipline, public service, and equality for all among its core tenets. Its message resonated with the masses and the Tehrik grew quickly within British India and opened branches in various countries. In 1934, Mashriqi launched *Al-Islah*, the official newspaper of the Khaksar Tehrik. *Al-Islah* gained a large following in many countries (including Afghanistan, Iraq and Iran, Bahrain, Burma, Ceylon, Egypt, Nigeria, Saudi Arabia, South Africa, Yemen, and some countries of Europe) and played a key role in spreading the message of the Movement. Within a few short years, the Khaksar Tehrik had emerged as the most well-disciplined private army (as it was referred to by one of the Viceroys of British India) in British India, with over 5 million members. Perhaps even more impressive was the fact that all members of the Khaksar Tehrik were volunteers who bore their own expenses. As a result of

the massive success of the Khaksar Tehrik, other Muslim and non-Muslim organizations attempted to form similar organizations.

By the end of 1939, Mashriqi already had plans in place to end British rule and was moving forward vigorously to this end. The Tehrik was thus banned in Punjab in early 1940 and Mashriqi was imprisoned. In 1941, the ban on the Movement was expanded throughout the entire India. The Government of British India demanded that Mashriqi disband his movement, or continue to remain behind bars. However, Mashriqi refused to succumb to their threats and replied that the Khaksar Movement was not his personal property that he could dispose of.

The British, therefore, continued to imprison him; he faced all atrocities with extraordinary courage and remained steadfast. In fact, Mashriqi fasted for 80 days in Vellore Central Jail to protest his and the Khaksars' unjust imprisonment and to push the freedom movement forward; he was ultimately released, but his movements remained restricted.

Following Mashriqi's release from prison, he continued working vigorously to bring an end to British rule. He was warned many times by the British authorities to halt his activities, but he did not waver in his resolve. In 1945, he presented *The Constitution of Free India, 1946, A.C.*, which provided protection for the rights of both Muslims and non-Muslims, and could serve as a precursor to jointly seeking independence. Unfortunately, the document was not adopted for political reasons.

In 1947, Mashriqi planned a coup of the Government and asked 300,000 Khaksars to assemble in Delhi on June 30, 1947 for this purpose. This coup was subverted by the partition plan, which was announced on June 3 and accepted by the All-India Muslim League and Indian National Congress (including Mahatma Gandhi) before the Khaksars could fully assemble in Delhi.

Despite achieving independence, Mashriqi was saddened by the division of India. To him, partition was not the solution to the country's problems. Following the emergence of Pakistan and India as separate nations (on August 14 and 15, 1947 respectively), Mashriqi's life was made very difficult. His and the Khaksar Tehrik's materials were confiscated throughout India and Pakistan, and Mashriqi's followers were harassed in both countries. Mashriqi's followers in India wanted to revive the Khaksar Tehrik (which Mashriqi had disbanded in July of 1947), but the Government imposed a ban in 1948. In Pakistan, on the insistence of his followers and supporters, Mashriqi founded a new party called the Islam League on October 31, 1947. But the new Government in Pakistan led by Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah did not want any opposition in the country (in other words, one-party rule). *The Pakistan Times* of April 21, 1948 wrote of Jinnah's stance in an article entitled "Quaid-e-Azam plea for one party in Pakistan."

The Government attempted to create hurdles for Mashriqi and his party at every possible juncture. For example, when Mashriqi wanted to travel to the USA (and other countries) where he had been invited by the United Nations to present his case on Kashmir and other topics, the Pakistani Government denied his passport. Then, in 1950 and 1951, Mashriqi was arrested under Prime Minister Liaquat Ali Khan's Government. He was kept in jail for a long time, a trend that persisted with subsequent Governments. In 1957, Mashriqi was arrested at least three times.

Despite the Government's attempts to stop him, Mashriqi remained a vocal opponent of its policies. In 1958, the Pakistani establishment attempted to silence Mashriqi forever by falsely implicating him in Dr. Khan Sahib's murder. Following a long trial (which is the focus of this book), the prosecution was unable to prove its case and Mashriqi was honorably acquitted. Then, in 1962, Mashriqi was accused of conspiring to topple the Government and was again arrested and imprisoned (due to his ailing health, he was later moved to his residence where he remained under house arrest).

Mashriqi died on August 27, 1963 at Albert Victor Hospital (Mayo Hospital) in Lahore. Following his death, a pall of gloom prevailed across the country; condolence messages from followers and admirers came from all over the world. Well over 100,000 people, from all walks of life, attended his funeral. All along the funeral procession, the

public gathered to pay tributes to their leader and showered his body with flowers. With his death, one important chapter of the history of the Indian sub-continent came to a close.

Allama Mashriqi not only led the freedom movement of the Indian sub-continent during his lifetime, but also left behind a lasting legacy of combating injustice, communalism, and sectarianism. He worked all his life for unity, discipline, and fostering a peaceful co-existence among people, regardless of religion, class, color or creed. Indeed, he made countless sacrifices in pursuit of these objectives and was arrested approximately fourteen times during his political career (and had his movements restricted at least three times, see Appendix for dates). As a result of his unrelenting fight, Mashriqi forever changed the history of the Indian subcontinent.

The above article is taken from the book entitled:

Allama Mashriqi Narrowly Escapes the Gallows: Court Proceedings of an Unpardonable Crime Against the Man Who Led the Freedom of the Indian Subcontinent. Author: Nasim Yousaf

For more information on Allama Mashriqi, please visit:

1. https://www.facebook.com/allamamashraqi
2. https://www.facebook.com/AllamaMashriqi.1
3. https://www.facebook.com/TazkirahByAllamaMashriqi
4. https://www.facebook.com/Khaksar.Movement

Allama Mashriqi's Credentials

Education

M.A. Mathematics, University of Punjab (1907); University of Cambridge (U.K., 1907-1912): Completed Four Triposes in Mathematics, Natural Sciences, Mechanical Sciences, Oriental Languages; Honored as Wrangler, Foundation Scholar, and Bachelor Scholar

Fellow/Member of International Societies

Fellow, Royal Society of Arts (London, Inducted in 1923); Fellow, Société de Géographie (Geographical Society of Paris, Inducted in 1926); Fellow, Asiatic Society of France (Inducted in 1926); Member, International Congress of Orientalists (Leiden, Inducted in 1930)

Founder

Khaksar Movement (1930); *Al-Islah* Urdu weekly newspaper (1934); Islam League (1947); Co-Founder Islamia College (Peshawar)

Published Works

Tazkirah (nominated for Nobel Prize in Literature, 1925); *The Constitution of Free India, 1946 A.C*; *Maulvi Ka Ghalat Mazhub*; *Hadeesul Quran*; *Human Problem*; *Takmillah*; *Isha'raat*; *Deh Al'baab* (Collection of Poetry); *Armughan-e-Hakeem* (Collection of Poetry); *Hareem-e-Gaib* (Collection of Poetry); *Qaul-e-Faisal*; *Kharita* (Persian Poetry)

Government Service

Vice Principal and Principal, Islamia College (Peshawar, 1913-1917); Under Secretary of Education (Government of India, 1917-1920); Member, I.E.S. (Indian Education Service, 1920)

Honors Declined

Premiership of Alver State (British India, 1912); Ambassadorship to Afghanistan (1920); Knighthood (Title of "Sir," 1920); Federal Cabinet Ministries in Pakistan (1950s and 1960s)

Famous Speeches

Khitab-e-Misr (International Caliphate Conference, Cairo, May 1926); *Where Leaders Fail* (Calcutta, 1945); Predicted terrorism and tyranny in Pakistan (Patna, 1947); *Khitab-i-Lahore* (Lahore, 1950); Predicted separation of East Pakistan and West Pakistan (Lahore, 1956)

Other Honors

Board Member, Delhi University (British India, 1923); President, Mathematical Society (British India, 1924); Elected President, All World's Faiths Conference (British India, 1937); Gold Medalist, World Society of Islam (1938)

Chronology of Allama Mashriqi's Arrests and Restrictions on His Movements[i]

In British India, Allama Mashriqi was arrested approximately 5 times and had his movements restricted twice (from 1932 to 1937, Mashriqi was barred from entering the North West Frontier Province and then on January 19, 1942, upon release from Vellore Central Jail, he was not permitted to leave the Madras Presidency[ii] until December 28, 1942). After the creation of Pakistan, Mashriqi was arrested approximately 9 times. In 1962, restrictions on his movements were imposed. Below is a summary of Mashriqi's restrictions and arrests. Note that there may be other arrests that are not included in this list.

1932 October 15

The North West Frontier Government (NWFP) imposes a ban on Khaksar activities and Mashraqi's entry into NWFP (now Khyber Pakhtunkhwa). The ban was lifted in 1937.

March 27, 1937

Allama Mashriqi is arrested at a Khaksar Camp (behind Chandni Chowk) in Delhi by Superintendent of Police Scott.[iii]

1939 September 01

Allama Mashriqi, who was in Lucknow to resolve the Shia-Sunni conflict, is arrested in the early hours (4:05 A.M.) of the morning.

1939 September 13

Allama Mashriqi is arrested at Malihabad (U.P., now Uttar Pradesh).

1940 March 19

Allama Mashriqi is arrested.

1947 June 09

Allama Mashriqi is stabbed and arrested. Note: The Canberra Times (June 11, 1947) wrote: "Allama Mashriqi…was yesterday stabbed at a hotel where the Moslem League Council met." This report was written on June 10, 1947.

1950 October 03

Allama Mashraqi, along with his two sons, is arrested in Lahore.

1951 January 11

Around 5:00 am, a Magistrate and armed police raid Mashriqi's house in Ichhra, Lahore and conduct a thorough search. Police arrest Mashriqi and cordon his house. Mashriqi is arrested under the Punjab Public Safety Act.

1957 January

Allama Mashriqi and 51 Razakars are arrested (PT 1957 Sept. 20; PT 1957 Oct. 03). Note: The date of their arrest and release was not specified in the source used.

1957 April 21

Allama Mashriqi along with a large number of Razakars are arrested at Wahgah border (near the Pakistan-India border near Amritsar) (PT 1957 Apr. 23; PT 1958 Oct. 11; C&MG 1957 Apr. 23).

1957 October 19

Allama Mashriqi is arrested. Mashriqi informs the Lahore Court that he plans to march towards India on October 21, 1957.

1957 October 22

Allama Mashriqi is again arrested (Hussain 1994, 182). Allama Mashriqi is sentenced to an aggregate term of two years of rigorous imprisonment and fined Rs. 1,200 (C&MG 1958 Jan. 11; PT 1958 Jan. 11). Ten of Mashriqi's followers are also sentenced. Mashriqi, who had been released on bail on October 21, 1957, is again imprisoned. He would remain in jail until January 1958 (Syed Shabbir Hussain, Kashmir Aur Allama Mashriqi, 1994, p. 182).

1957 October 28

Allama Mashriqi is released and arrested again.

1958 May 10

Allama Mashriqi is arrested at 3:45 a.m from his residence in Ichhra, Lahore. Others arrested include Mashriqi's son and four followers. Allama Mashriqi is implicated in a false murder case.

1962 May 06

Allama Mashriqi is arrested. Later, he was moved to house arrest until August 23, 1962, as he was suffering from cancer and in poor health.[iv]

About the Compiler

Nasim Yousaf is a scholar and historian. He has thus far published 16 books and numerous articles (which have appeared in newspapers in many countries, including Australia, Bangladesh, Canada, Pakistan, India, Japan, Norway, United Kingdom, and the USA) and has presented his works at conferences in the U.S. His works have been published in the journals *Harvard Asia Quarterly* and *Pakistaniaat* (USA) as well as in the *World History Encyclopedia* (USA). He has also compiled a rare and historic collection of a newspaper entitled *Al-Islah*, which was launched by his grandfather, Allama Mashriqi, in 1934. His books and other works are important contributions to the historiography of South Asia. He is currently working on additional books and articles.

His published books include:

1. *Mahatma Gandhi & My Grandfather, Allama Mashriqi: A Groundbreaking Narrative of India's Partition*
2. *Dr. Akhtar Hameed Khan - Pioneer of Microcredit & Guru of Rural Development*
3. *Allama Mashriqi Narrowly Escapes the Gallows: Court Proceedings of an Unpardonable Crime Against the Man Who Led the Freedom of the Indian Subcontinent*
4. *Hidden Facts Behind British India's Freedom: A Scholarly Look into Allama Mashraqi and Quaid-e-Azam's Political Conflict*

For more information on the author's works, please visit:

- https://www.facebook.com/nasimyousaf.26
- http://independent.academia.edu/NasimYousaf
- https://archive.org/details/@nasimyousaf
- https://www.scribd.com/NasimYousaf

(1)

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ
يَرْجِعُونَ ○ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلُ كَانَ أَكْثَرُهُمْ
مُشْرِكِينَ ○
فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ يَوْمٌ لَا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُونَ ○
[الروم 41:30 تا 43]

مفہوم

خشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب فساد پھیل گیا ہے کہ وہ اپنے بعض اعمال کا مزا خدا کی طرف سے چکھیں، عجب نہیں کہ پھر ان سے وہ باز آجائیں۔ ان سے کہہ دو کہ روئے زمین پر گھوم پھر کر دیکھ لو کہ جو لوگ تم سے پہلے ہو گذرے ہیں ان کا انجام کیسا ہوا ہے، ان میں سے زیادہ تر نظام حیات میں اللہ کے قانون کے ساتھ غیر اللہ کے قانون کو شریک کرنے والے ہی تھے۔ تو اس روز سے پہلے، جو اللہ کی طرف سے آکر رہے گا اور رک نہیں سکے گا دین قیم [مضبوط نظام زندگی] پر سیدھا منہ کئے چلے چلو، اس روز کہ دین کا غلبہ ہوگا یہ شرک کرنے والے سب تتر بتر ہو جائیں گے!

دین قیم

نماز کا فلسفہ اور بادشاہت زمین کا راز

علامہ محمد عنایت اللہ خان المشرقی

2

ان ارید الا الاصلاح ما استطعت

میں تو تمام طاقت اصلاح اور اتحاد میں صرف کرنے کا ارادہ کر چکا ہوں

دین قیم

(ویلور جیل ' مدراس ۱۱ ستمبر 1940ء بوقت اڑھائی بجے دن)

خاکسار تحریک کے متعلق میری پہلی فکر

پچھلے کم از کم سات برس سے میں اس فکر میں تھا کہ خاکسار تحریک کی ظاہری بنیاد سپاہیانہ قواعد ' خاکی وردی اور نشان اخوت پر رکھنے کے بعد میں کیونکر صحیح معنوں میں قرون اولیٰ کا اسلام پھر پیدا کرنے میں کامیاب ہو جاؤں گا' کیونکر مسلمانوں کو پھر اس اصلی اسلام کی طرف لے آؤنگا جو تیرہ سو ساٹھ برس پہلے تھا اور بڑی مدت تک قائم رہا۔ میں سوچ میں تھا کہ اس اسلام میں یہ خوبصورت اور دل پسند پیٹیاں اور وردیاں نہ تھیں' قطاروں میں آج کل کے طریقے پر مارچ کرنا نہ تھا' بازوؤں پر خوبصورت اور سرخ نشان اخوت' نہ تھے پاؤں کی نفس کو مزا دینے والی کھٹ کھٹ نہ تھی' مجھے غم تھا کہ خدا کے آسمان سے بھیجے ہوئے "دین فطرت" کے اندر دنیا والوں کی بنائی ہوئی یہ باتیں اور زمین پر رہنے والوں کے یہ تکلفات میری اپنی آسان پسند طبیعت کی آمیزشیں ہیں جن کو پیغمبر عرب صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے دین سے واسطہ نہیں۔ اگر میرا دعویٰ ہے کہ خاکسار تحریک صدہا برس کے پہلے کے دین کو پھر از سر نو زندہ کرنے کے لئے ہے تو پھر یہ ڈھول' یہ وردی اور یہ نشان میں کیونکر بالآخر دور کر سکوں گا۔ میں نے اول اول ان کو تحریک میں داخل اسلئے کیا تھا کہ مجھ میں وہ نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم والی روحانیت اور محمد عربی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی لازوال اور بے مثال سچائی موجود نہ تھی کہ سب امت کو ایک نگاہ یا انگلی کے اشارے سے میدان جنگ کے سپاہیوں کی طرح چاق و چوبند' جرمنی یا انگلستان کے جانبازوں کی طرح چست اور یک رنگ اور کسی جہانگیر قوم کے مجاہدوں کی مانند اخوت اور اتحاد میں سرشار کر دیتا۔ میں نے اپنی نااہلیت کو دیکھ کر آسان طریق اختیار کیا کہ ان کو یکدم پیٹیاں' وردیاں اور نشان دے دیئے تاکہ کم از کم ظاہری یکجہتی' سطحی اتحاد اور رسمی مساوات ایک دوسرے کی دیکھا دیکھی پیدا ہو جائے اور ہم جلد از جلد ایک لڑی میں اور کچھ نہ سہی مصنوعی طور پر ہی پرو دیئے جائیں۔

تحریک میں پہلا نقص جو نمودار ہوا

کچھ مدت کے بعد جب میں نے خاکسار تحریک میں یہ خطرناک نقص پیدا ہوتے دیکھا کہ خدمت خلق' نماز اور سپاہیانہ قواعد کے روزانہ پروگرام میں جو میں نے احیائے دین کے پہلے مرحلہ کو طے کرنے

کے لئے وضع کیا تھا اور جو صرف ابتدائی پروگرام ہی ہو سکتا تھا خاکسار سپاہی رفتہ رفتہ صرف سپاہیانہ قواعد کو سب سے زیادہ مرغوب طبیعت سمجھ کر خدمت خلق اور نماز سے غفلت برت رہا ہے تو میرے غم کی کوئی انتہا نہ رہی۔ میں نے جریدہ الاصلاح میں کئی دفعہ اس امر کی طرف اشارہ کیا کہ دین اسلام کا مغز نماز اور خدمت خلق ہے۔ سپاہیانہ قواعد، پیٹیاں، وردیاں، بیلچے، نشان اخوت اس تحریک کے لاینفک اجزاء نہیں! ایک سے زیادہ مرتبہ اس امر کی طرف اشارہ کیا کہ بیلچہ کی تصویر تحریک کے نشان اخوت میں کسی مصلحت سے داخل نہیں کی گئی۔ ہمارا منتہا اس مذہب کی طرف لپک لپک کر پھر پہنچنا ہے جو دین خدا ہے، جس کو عرب کا آخری رسول خود آسمان سے لایا تھا۔ تحریک کا مقصد انگریزی فوج کے کرایہ کے سپاہی، ملکی فوج اور اسکاؤٹ کے والنٹیر یا کسی سیاسی جماعت کے بے روح رضاکار بنانا نہیں، یہ چیزیں اگر اب داخل کی گئی ہیں تو صرف اس لئے کہ مخلوق خدا کی توجہ جلد از جلد اس تحریک کی طرف ہو جائے، لوگ اس کی ابتدائی دلچسپیاں دیکھ کر اس غریبوں کی حرکت کی طرف جس کے پاس نہ روپیہ ہے، نہ اخبارات، نہ اس کے پاس ڈھنڈورہ پیٹنے والے ہیں، نہ اس کا قائد لنگوٹ باندھ کر ننگا پھرتا ہے، نہ چرخہ کاتتا ہے، جلد از جلد متوجہ ہوں، جوق در جوق اس میں شامل ہو جائیں اور ہماری بگڑی صرف ایک بیلچہ اور وردی میں ہی بن جائے۔ اصل شے جس کی طرف میں نے پچھلے دس برس میں خاکسار سپاہی کو بار بار متوجہ کیا ابتدائی طور پر صرف یہ دو عمل یعنی قرون اولیٰ والی نماز اور بلا لحاظ مذہب و ملت خدمت خلق تھے اور میں نے بار بار اس امر کا اعلان کیا کہ جب تک مسلمان صحیح معنوں میں اس قرون اولیٰ والی نماز کی طرف رجوع نہیں ہوتا جس نے مسلمان کے ظاہر اور باطن، عمل اور یقین، معاملات اور محسوسات، سب کو درست کر کے اس دنیا میں خدا کا ناقابل شکست سپاہی بنا دیا تھا، جس نے انسان کے قلب کے اندر وہ حیرت انگیز ضبط نفس، وہ بے مثال اطاعت امیر، وہ لازوال وحدت اور مساوات، وہ فقید المثال خوف خدا، اتحاد عمل، ترک ماسوا اللہ کی پیہم غلامی اور ماسوا سے پیہم بے نیازی پیدا کر دی تھی کہ انسانی تاریخ میں پھر ہرگز پیدا نہ ہو سکی، جس نے بالآخر بارہ برس میں اس سے چھتیس ہزار روئے زمین کے شہر اور قلعے ٹوٹے ہوئے نیزوں اور کند تلواروں سے فتح کرائے۔ ہاں! بار بار اعلان کیا کہ جب تک خاکسار اس خدمت خلق کو اپنا قائم اور دائم شعار نہیں بناتا جو قرون اولیٰ کے ہر مسلمان کے ماتھے پر لکھا تھا اور جس کے اثر سے قوموں کی قومیں مسلمانوں کے بلند اخلاق کو دیکھ کر مہینوں اور دنوں میں دائرہ اسلام میں داخل ہو جایا کرتی تھیں تب تک خاکسار سپاہی کا صحیح معنوں میں اپنے آپ کو دین اسلام پر چلتا ہوا سمجھنا غلط ہے۔

قرون اولیٰ کی نماز کے قیام کے متعلق میرے ابتدائی اشارے

میں نے مسلمان کی پنج وقتہ نماز کے متعلق جو وہ آج کل پڑھتا ہے رفتہ رفتہ جریدہ الاصلاح میں یہ لکھا کہ اس نماز کی سیدھی قطاریں، اس میں امام کی ہر حرکت پر تمام صف کی حرکت، اس میں

صرف امام کا بولنا اور باقی سب کا چپ رہنا' اس میں حضرت عمرؓ کا درہ لے کر صفوں کو تیر کی طرح سیدھا کرنا اور ان کو سزا دینا جو ایک انچ قطار سے باہر یا اندر کھڑے ہوں' اس کے متعلق قرآن حکیم میں یہ حکم ہونا کہ "جو لوگ نماز کی قطار میں ڈھیلے ڈھالے ست ہو کر کھڑے ہوتے ہیں وہ منافق ہیں" (واذا قاموا الی الصلوۃ قاموا کسالی) "اور جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں جھونک دیئے جائیں گے" (ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار") اس کے متعلق صحیح حدیث کا ہونا کہ جس نمازی نے امام کے سر اٹھانے سے ذرا پہلے یا ذرا پیچھے سجدے سے سر اٹھایا اس کا سر قیامت کے دن گدھے کا ہوگا' اس نماز کے متعلق اس حکم کا ہونا کہ "جماعت کے بغیر نماز ہی نہیں ہوتی" اس حدیث کا ہونا کہ "نماز مومنوں کی سیڑھی ہے جس سے وہ دنیا میں بلند ہوں گے" ہاں! ہاں! اس نماز کے متعلق اسلام کے سب سے بڑے منافق عبداللہ بن ابی کی رائے کہ "محمد تو ظاہر میں اس نماز کے ذریعے سے خدا کی عبادت کرواتا ہے لیکن در پردہ وہ غریب اور امیر کا مونڈھے سے مونڈھا ملا کر ایک زبردست فوج تیار کر رہا ہے اور بالآخر ہم سب کو کچل کر رکھ دے گا۔" الغرض میں نماز کے متعلق یہ تمام باتیں بتلا کر مسلمان کو جتلانا چاہتا تھا کہ نماز خدا کی جرنیلی اور حضوری میں مسلمانوں کی جنگی اور فوجی ڈرل ہے۔ اس سے بڑی روحانی ورزش اور دنیاوی ڈرل اس دنیا کے تختے پر کہیں موجود نہیں' اس سے زیادہ ظاہر و باطن دونوں کو نظام میں لانے والا کوئی اور ذریعہ نہیں۔ مسلمانوں نے اگر اس نماز کو ان معنوں میں پھر پکڑ لیا' اس نماز کو پڑھ کر وہ چیز پیدا کر لی جو مقصود بالذات نماز سے تھی' اس نماز کے فرضوں کو صحیح معنوں میں واجب الادا اور پنج وقتہ یاد دہانی کی مشق سمجھ کر خدا کے باقی ہر حکم کو بھی بطور "ڈیوٹی" کے لے لیا' اس نماز کے پانچ مقررہ وقتوں کی اہمیت کو سمجھ کر دنیا کے سب باقی کام بھی ٹھیک صحیح وقت پر کرنے لگے' اس نماز کی یہ صورت دیکھ کر کہ ہم پانچ وقت خدا کے سامنے اس امر کا اقرار کرتے ہیں کہ ہم اسی کے غلام ہیں' کسی شیطان کے غلام نہیں "ایاک نعبد" اس نماز میں پانچ وقت درخواست دیکر ہم خدا سے بے چین ہو کر اور ایک ایک نماز میں کئی کئی بار گڑگڑا گڑگڑا کر اور زمین پر گر گر کر یہ مانگتے ہیں کہ "اے اللہ! تو جلد از جلد اور بغیر کسی ٹال مٹول کے ہم کو وہ منزل دکھا دے اور سیدھے راستے پر لے چل جس پر چل کر تمام دنیا کی بادشاہت اور نعمت ہمارے ہاتھ میں آجائے' اس نماز میں صرف یہ پا کر کہ ہمارا صرف ایک سردار ہے جو آگے ہو کر خدا سے ہاتھ باندھ کر بول رہا ہے اور ہم سب اس کے پیچھے دست بستہ اور چپ کھڑے ہیں' اس نماز میں یہ دیکھ کر کہ اس کے صرف "فرض" مسجد میں پڑھے جاتے تھے اور "سنتیں" گھر کے لئے مخصوص ہوا کرتی تھیں تاکہ خانہ خدا میں بدنظمی نہ پھیلے' اس نماز میں یہ دیکھ کر کہ ہم فی الحقیقت چوبیس گھنٹے اللہ کے صف بند سپاہی ہیں اور ہر نماز میں اپنی جانیں ہتھیلیوں پر رکھ کر اپنے دنیاوی جرنیل یعنی امام کے ذریعے ان کو خدا کے سامنے عملاً پیش کرتے ہیں تاکہ جس وقت امام کا حکم ملے ان جانوں کو اس کی راہ میں فدا کر کے روئے زمین پر غالب ہو جائیں اور پھر "لیظہرہ علی الدین کلہ" کا منظر سامنے آجائے' پھر رسول اللہ صلعم کے دنیا میں بھیجے جانے

کی واحد غرض پوری ہو جائے۔ ہاں! ہاں! میں نے جریدہ الاصلاح میں بار بار اعلان کیا تھا کہ اگر خاکسار سپاہی نے اس تحریک میں آکر اس نماز کو پھر پکڑ لیا تو جان لو کہ مسلمان کا بیڑا پار ہے۔

قرونِ اولیٰ کی نماز کو اشارۃً پھر رواج دینے کی سعی

میں نے اس دس برس میں ایک دفعہ نہیں کئی بار اشارے کے طور پر خاکسار سپاہیوں کو اس نماز کی طرف لانا چاہا' ایک دفعہ نہیں' کئی بار کیمپوں میں اعلان کیا کہ ان میں خاکساروں کی نماز کی قطاریں ٹھیک سیدھی صف میں ہوں' درہ لے کر ان صفوں کو درست کیا جائے' تمام جماعت فوج کے سپاہیوں کی طرح ایک جسم ہو کر حرکت کرے' میں نے اشارۃً کئی بار کہا کہ کیمپ کا سالار اول خود امام بنے' کئی بار کہا کہ نماز کی حرکت فوج کی حرکت کی طرح یکساں اور چست ہو' یہ بھی کہہ دیا اور صرف کہا ہی نہیں بلکہ کئی بار اماموں کو تنبیہہ کی کہ نماز میں جو کچھ پڑھا جائے راگ اور ترنم کی آواز سے نہ پڑھا جائے' امام ہر حرکت پر اس توازن اور دھڑلے سے بولے گویا سب کو ایک حرکت پر مجبور کر رہا ہو' مردوں اور شکست خوردوں کی طرح نہ بولے' نماز میں آواز یا سر نکالنا اتنے بڑے حاکم کی صریح گستاخی ہے' یہ بھی لکھا کہ ادنیٰ سے ادنیٰ حاکم کی پیشی میں رعب سے ہونٹ خشک ہو جاتے ہیں' منہ سے آواز نہیں نکلتی' ڈر کے مارے کاٹو تو بدن میں لہو نہیں رہتا' اس لئے حاکم الحاکمین خدا کے سامنے جب حاضر ہوا جائے تو اس انداز سے حاضر ہوا جائے کہ اس کائنات کے سب سے بڑے حاکم کے سامنے باادب کھڑے ہوں' اس بندگی اور ملازمت میں فوج کی سپاہی کی طرح جان ہتھیلی پر رکھی ہو اور یہی کیفیت نماز پڑھ لینے کے بعد چوبیں گھنٹے ہر سپاہی کی رہے۔ یہ سب باتیں میں نے اشارۃً کہیں' بار بار کہیں' کچھ کچھ کھول کر بھی کہیں' لیکن میں یہ تمام دس برس اس ڈر میں رہا کہ اگر میں نے نماز کے متعلق تمام باتیں خاکسار سپاہی سے بہ جبر اور بہ حکم کرائیں تو مسلمانوں کا وہ کم نصیب گروہ جن کو ہم سے خدا واسطے کی دشمنی ہے' جن کو ہماری سپاہیانہ زندگی اس لئے نہیں بھاتی کہ وہ مسلمانوں کو سربلند دیکھنا اپنی موت کا سامان سمجھتے ہیں' جنہوں نے قرآن حکیم کو پس پشت ڈال کر بلکہ معاذ اللہ پاؤں سے ٹھکرا کر اپنے اپنے پوجنے کے بت بنا رکھے ہیں تاکہ ان کی دکانداری بنی رہے' پکار اٹھے گا کہ "اے لو! عنایت اللہ نماز میں ترمیم پیدا کر رہا ہے' دیکھ لو ہم نے کہا نہ تھا کہ نبی بن کر نیا فرقہ بنا رہا ہے جو اکڑ اکڑ کر نماز پڑھتے ہیں' صفیں کافروں کی فوج کی طرح سیدھی کرتے ہیں' نماز میں تو ایسے ڈھیلے ڈھالے کھڑا ہونا چاہئے کہ خدا کے حضور میں مردہ اور بے جان نظر آؤ' ذلیل ہونا' ذلیل رہنا اور ذلیل نظر آنا تو خدا کی بڑی عبادت ہے' وغیرہ وغیرہ۔

الغرض پورے دس برس میں اس خطرے میں پڑا رہا کہ مولوی اور ملا ہمارا ناطقہ بند کر دے گا۔ خاکسار سپاہی کو یہ کہہ کر کہ "تمہاری آخرت خراب ہو گئی' تمہارا دین بگڑ گیا' تمہارے عقیدے درست نہ رہے' تمہاری نماز نہ ہوئی" ہم سے متنفر کر دے گا۔ چھتیس ہزار شہروں کے فتح کرنے کے متعلق آسانی

سے یوں کہہ کر چھوٹ سکتا ہے کہ مسلمانوں نے نری تسبیحیں پڑھ پڑھ کر اور داڑھیاں رکھ رکھ کر فتح کر لئے تھے' ان کے فتح کرنے کے لئے تلواروں' بندوقوں اور جانوں سے کھیلنے کی کیا ضرورت تھی۔

خاکسار تحریک میں نشانوں کی عدم اہمیت اور دین اسلام کا احیا

میں نے ایک دفعہ نہیں کئی بار جریدہ "الاصلاح" میں لکھا تھا کہ خاکسار سپاہی کے لئے ہر وقت یا روزانہ وردی پہننا ضروری نہیں' خاکسار روزانہ صرف عام لباس میں خدمت خلق کریں' خدمت خلق کے وقت اپنے آپ کو خاکسار ظاہر کرنا بھی ضروری نہیں' وردی زیادہ تر ہفتہ وار اجتماعوں یا کیمپوں میں ہو' وردی' بیلچہ اور نشان اخوت کا پاس ہونا لازمی ہو لیکن یہ چیزیں خاکسار کے بدن پر اگر نہ ہوں تو بہتر ہے' تاہم باوجود ان تمام باتوں کے اگر کوئی خاکسار ہر وقت باوردی' با بیلچہ رہنا تحریک کی اشاعت کے لئے مفید سمجھتا ہے تو اس کی مخالفت نہیں۔ میری غرض ان حکموں سے یہ تھی کہ خاکسار سپاہی صرف وردی اور نشانوں سے دلچسپی نہ رکھے' صرف اپنے ظاہری نشان دکھا کر لوگوں کی نگاہوں میں بلند نہ ہو' اپنے اندر کوئی نمایاں وصف ایسا رکھے کہ لوگ اس کی طرف خود بخود متوجہ ہوں' اس کے عمل اور اخلاق کو دیکھ کر اس کی تعریف کریں' خدمت خلق کے بعد عام لوگوں میں یہ چرچا ہو کہ دیکھو مسلمان کیسے بلند اخلاق کے مالک ہیں' مسلمان کس قدر رحم دل ہیں' مسلمان کسی پر ظلم روا نہیں رکھتے' مسلمان کس قدر بنی نوع انسان کے ہمدرد ہیں۔ یہ چرچا خاص طور پر نہ ہو کہ صرف خاکسار اچھے ہیں۔ یہ گمان نہ ہونے پائے کہ یہ باوردی لوگ کسی رضاکارانہ جماعت کے آدمی ہیں جن کو ان کی خدمت خلق کی وجہ سے ضرور کہیں نہ کہیں سے تنخواہ ملتی ہوگی' یا کم از کم پلاؤ خوری کے سامان بہم پہنچائے جاتے ہوں گے' یا یہ کہ آگ اس لئے بجھاتے ہیں کہ "فائر بریگیڈ" میں نوکر ہیں وغیرہ وغیرہ۔ میں دنیا میں مسلمانوں کے نام کو بلند کر کے قرآن اور اسلام کو بلند کرنا چاہتا تھا۔ غیر مسلموں میں یہ اثر پیدا کرنا چاہتا تھا کہ نہ معلوم مسلمانوں کے قرآن کی تعلیم کیا ہی اچھی ہوگی کہ یہ لوگ سب دنیا کے لئے آئینہ رحمت ہیں۔ سب کے ساتھ عدل و انصاف کرتے ہیں کسی کے دکھ کو دیکھ کر اپنی جان تک قربان کر دیتے ہیں۔ ایسے لوگ اگر دنیا پر غالب آجائیں تو کسی قوم کو عذر نہ ہوگا بلکہ مسلمانوں کا ہونا دنیا میں باعث رحمت ہے۔ مجھے یہ غرض نہ تھی کہ صرف خاکسار سپاہی کا بول بالا کیا جائے یا یہ کہ خاکسار تحریک کو مسلمانوں کی دوسری جماعتوں کی مد مقابل بنا کر ان سے رقابت پیدا کی جائے۔ میری نظر اس بات پر تھی کہ خدمت گزار مسلمان کے نیک عمل کا اثر باقی تمام مخلوق خدا پر کچھ ایسا عام ہو جائے کہ دنیا کی خدمت کر کے وہ حقیقی طور پر مخدوم اور سردار کہلائے' مذہب کی سچی تعلیم دنیا میں اپنا پہلا رنگ لائے' چند مسلمانوں کی خدمتیں اور نیک عمل کا چرچا ہر جگہ سن کر باقی مسلمان بھی ان کی دیکھا دیکھی وہی اللہ کا رنگ اختیار کریں اور خاکسار اور غیر خاکسار کا فرق بالآخر مٹ کر سب مسلمان پھر اللہ والے بن جائیں۔

تحریک کے نشانات کی سطحیت اور دین اسلام کے اصلی نشانات

ـــ میں وردی کو دین اسلام کے اتحادی رنگ کا صرف ایک سطحی عکس سمجھ کر اس سے زیادہ خوش نہ تھا۔ ظاہری نظر سے مجھے بھی وردیاں خوبصورت لگتی تھیں، لیکن جب کبھی بھی غور کرتا تھا کہ کیا پیدا کر رہا ہوں تو یہ پیٹیاں اور وردیاں کچھ پسند نہ آتی تھیں۔ جب یہ خیال آتا کہ میرے مرنے کے بعد یہ وردیاں کیا سے کیا بن جائیں گی اور کیا کچھ بن سکتی ہیں تو بعض اوقات خیال آتا کہ خاکسار تحریک میں جو برسوں کی جگر گداز تکلیفوں کے بعد پیدا کی ہے اور بیڈن پاول کے سکاؤٹوں میں جو بڑی مدت سے ہر جگہ نظر آتے ہیں بالآخر کون سا بڑا فرق ہو سکتا ہے؟ اکثر دفعہ میں پریشان ہوتا کہ خاکسار سپاہی رفتہ رفتہ خدمت خلق سے ہٹ رہا ہے، اصل تو خیر رسمی نماز بھی شوق سے کم پڑھتا ہے، زیادہ زور وردیوں، پیٹیوں، ٹھک ٹھک اور ٹیپ ٹاپ پر ہے، موقع پر جان دینے سے رفتہ رفتہ جی چرانے لگا ہے، پاکبازی اور جانبازی کے معاہدے خود بخود خدا سے کر کے پھر ان میں تاویل کرنی شروع کر دی ہے، ادارہ علیہ کے حکموں میں ہیر پھیر کرنے لگا ہے۔ سوچتا تھا کہ اگر وردی پیٹی اور اکڑ کو ملحوظ کرنے پر یہی زور رہا اور تحریک کے مغز کو پورے طور پر قائم رکھنے کی ابھی سے سعی نہ کی گئی تو میرے آج مر جانے پر یا ہٹ جانے پر یہ تحریک صرف چھلکا ہی چھلکا اور ناکارہ ہو کر رہ جائے گی۔ مجھے قرون اولیٰ کے مسلمانوں کی "وردیاں" "پیٹیاں" اور ان کے "نشان" قرآن حکیم سے خوب یاد تھے، مجھے سرور کائنات کے زمانے کے اسپیوں کی وردی کا رنگ خوب ازبر تھا، میں جانتا تھا کہ ان کے نشان سرخ نہ تھے، ان کی وردی خاکی نہ تھی اور ان کا نام خاکسار نہ تھا۔ قرآن میں ان کے متعلق صاف لکھا تھا کہ اگر اللہ کے سپاہی کو شکل سے پہچاننا ہو تو دور سے صاف اس کے چہرے پر خدا کی سچی نوکری کا جیتا جاگتا نشان نظر آئے گا، تم صاف دیکھ لو گے کہ کسی قاہر فوج کے ہر سپاہی کی طرح بلکہ اس سے ہزار گنا بڑھ چڑھ کر اس کی ہر حرکت میں اس کے ہر انداز اور عمل میں، اس کی چستی اور مستعدی میں، اس کے سجدے اور سلاموں میں، اس کی حکم برداری اور اطاعت میں، اس کی جانثاری اور بہادری میں خدا کی ملازمت ٹپک رہی ہے (سیماھم فی وجوھھم من اثر السجود)، یعنی محمدؐ کے سپاہی کی علامت یہ ہے کہ وہ ہر کام میں خدا کے حاضر و ناظر اور موجود ہونے کا یقینی گواہ ہے۔ لوگوں کو اپنے عمل سے کسی بڑے حاکم کے ملازم ہونے کا یقین دلا دیتا ہے، اپنے ہر عمل کی چستی اور پابندی سے تمام دنیا کو یقینی گواہی دیتا ہے کہ خدا اس کا حاکم اعلیٰ ہے (لتکونوا شھداء علی الناس ویکون الرسول علیکم شھیدا) اس کا رنگ اللہ کا رنگ ہے، اس کے ہر عضو کی ہر حرکت، اس کا چلن، اس کی چال ڈھال اس وضع اور ڈھنگ کی ہے کہ وہ کسی بڑے حاکم کے تنخواہ دار نوکر کی طرح اللہ کا نوکر نظر آتا ہے (صبغۃ اللہ ومن احسن من اللہ صبغۃ)، اس کا نام، اس کے کام، اس کی فرمانبرداری اور اس کے تسلیم کر لینے سے ظاہر ہے (ھو سماکم المسلمین) خاکسار سپاہی کی چستی اور مستعدی کو جب میں

دیکھتا تھا کہ یہ زیادہ تر وردی اور پیٹی بیٹے ہونے کی اکڑ کی وجہ سے ہے' جب اس کے چہرے کی تازگی اور سینے کی تان کی طرف تکتا تھا کہ یہ پگڑی کے طرے اور فوجی بوٹ کی ٹھک ٹھک کی وجہ سے ہے اور اسکا خدا اور رسول' اس کا مغرور نفس اور اس کا بت اس کی خوبصورت وردی اور بیلچہ ہے' اس کا خدا وہ سچا زمین اور آسمان پیدا کرنے والا اور قرآن بھیجنے والا خدا نہیں تو مجھے افسوس ہوتا تھا کہ ان ہزاروں بتوں کے علاوہ جو آج کل کا مسلمان ہر وقت اور ہر لحہ پوجتا ہے یہ نئی وردی' پیٹی اور پگڑی کے بت میں نے کیا پیدا کر دیئے ہیں' خاکسار سے اگر یہ چیزیں چھین لی جائیں تو وہ کہاں چہرے سے خدا کا بندہ پہچانا جاتا ہے' اس کے منہ پر خدا کی نوکری کا نشان کون سا ہے' اس کے ماتھے پر "مسلم" کہاں لکھا ہے' اس کے بدن پر اللہ کی چڑاس اور اللہ کا رنگ کہاں ہے' اس کے دل میں خدا اس شدت سے کہاں بس رہا ہے جس شدت سے قرون اولیٰ کے سپاہی میں تھا۔ اس دس برس میں خاکسار سپاہی اور قرون اولیٰ کے مسلمان میں خدا کو اپنے دل پر حکمران اور قرآن کو اپنے اعضا پر حاکم بنا کر بے پناہ چستی' جانکاہ اطاعت اور جان پر کھیل کر دس دشمنوں پر فتح حاصل کرنے والا ایمان حاصل کرنے کے بارے میں بھی زمین و آسمان کا فرق نظر آتا تھا۔ ۔

بلالحاظ مذہب و ملت خدمت خلق اور اسکی حکمت

اس بنا پر میں جریدہ الاصلاح میں ایک دفعہ نہیں' کئی دفعہ اس امر پر زور دے چکا ہوں کہ خدمت خلق بلالحاظ مذہب و ملت خاکسار تحریک کا سب سے نمایاں اور بنیادی پروگرام ہے اور جس قدر اس وصف کو خاکسار سپاہی میں نمایاں کیا جائے کم ہے۔ میری غرض اس میں یہ تھی کہ خاکسار سپاہی میں جلد از جلد روحانیت پیدا ہو جائے' لوگوں کی واہ واہ لینے کے ساتھ ساتھ اس کے اپنے نفس کی اصلاح ہوتی جائے' اگر وہ دنیا پر حکومت کرنا چاہتا ہے تو پہلے حسن اخلاق اور فیض عام سے اپنی رعیت تو پیدا کرے' اگر مخدوم بننا چاہتا ہے تو نفس پر جبر کر کے خدمت کے انداز تو سیکھ لے' غیر قوموں کو اگر اس نے محبت سے اپنی طرف نہ کھینچا تو حکومت کس رعیت پر کر سکے گا' حاکم ہونے کا دعویٰ کیونکر کرے گا' صالح اور اصلح کیونکر بن سکے گا' اپنوں پر حکومت کرنا اور اپنوں کو محکوم کرنا تو کوئی بڑی شئی نہیں۔ الغرض اس بلالحاظ مذہب و ملت خدمت میں بڑی حکمت پوشیدہ تھی' خاکسار اگر چاہتا تو اس روحانی ہتھیار سے دنیا کو مسخر کر سکتا تھا اور مزا یہ کہ خدمت خلق کے ذریعہ سے اس کے بڑھتے ہوئے اثر اور پریشان کن طاقت کو دیکھ کر دنیا کی بڑی سے بڑی حکومت سخت خطرہ میں پڑ جاتی لیکن اس کو ہرگز ہرگز چھیڑ نہ سکتی' دنیا کا کوئی جتن' کوئی قانون کوئی آرڈیننس کوئی ڈیفنس آف انڈیا ایکٹ' اس طوفان کو روکنے میں کارگر نہ ہوتے' خاکسار سپاہی روحانیت اور خدا ترسی میں مدہوش ہوتا اور خلقت اس کے عمل کو دیکھ کر اس پر پروانہ وار فدا ہوتی۔ جو حکومت ایسے نیکوکار انسانوں کو چھیڑتی یا ان کی خدمت کو جرم قرار دیتی خلقت اس کی تلوار کے سامنے خون کی ندیاں بہا دیتی مگر خاکسار سپاہی کو آنچ نہ لگنے دیتی۔ ۔

قرونِ اولیٰ کی الصلوٰۃ اور اسکی عظیم الشان حکمت

— اسی طرح خاکسار سپاہی اگر قرونِ اولیٰ کی نماز کی طرف رجوع کرتا' پیٹیوں اور وردیوں کی چمک کی طرف رجوع نہ کرتا تو انگریزی فوج کی ڈرل سے اب تک کبھی کا بے نیاز ہو جاتا' اس نماز سے ظاہری اور جنگی ڈسپلن' اطاعت امیر' مجاہدانہ قوتیں' ایک کے مقابل دس پر فتح پانے والا ایمان' جان دینے کی بے خوفی' فتح حاصل کرنے کا یقین' قربانی کرنے کا حوصلہ' جان کو بے پناہ طور پر ہلاک کر دینے کا ولولہ اس موجودہ انگریزی قسم کی ڈرل سے دس گنا زیادہ پیدا ہوتے' وہ موجودہ حالت سے دس گنا زیادہ چست' دس گنا زیادہ حکم ماننے والا' دس گنا زیادہ بہادر' دس گنا زیادہ ناقابل شکست ہوتا اور مزا یہ کہ نماز کے ذریعہ سے خاکسار کی بڑھتی ہوئی طاقت کو دیکھ کر دنیا کی بڑی سے بڑی حکومت کے ایوان میں زلزلہ پڑ جاتا لیکن وہ خاکسار کو ہرگز ہرگز نہ چھیڑ سکتی۔ ایمان والوں کو عبادت کے لئے قرآن نے صاف طور پر خدا کی بنائی ہوئی وسیع زمین دے دی ہے (یاعبادی الذین اٰمنوا ان ارضی واسعۃ فایای فاعبدون) خاکسار ہزاروں اور لاکھوں کی تعداد میں کھلے میدانوں میں' راستوں پر' مسجدوں میں باجماعت نماز پڑھتے! اتمام اللہ کی فوج امام کے اللہ اکبر پر تختے کی طرح اٹھتی اور گرتی' کائنات کے حاکم کے آگے یک دم سجدہ کرتی' یکدم اور دھما کے سے ہاتھ باندھتی' یکدم اور دھماکے سے ہاتھ گراتی' صفیں تیر کی طرح سیدھی ہوتیں' امام یا جرنیل آگے چست کھڑا ہوتا خدا کے حضور میں جو کہتا اس کے حاکمانہ وقار اور رعب کو برقرار رکھ کر کہتا' خدا کے رعب و جلال سے ماتھوں پر پسینے ہوتے' درگاہ کبریا پر پہنچتے ہی ہونٹوں پر پپڑیاں جمی ہوتیں' ہزارہا مسلم اور غیر مسلم اس دل پسند نظارے کو انگلیاں منہ میں رکھ رکھ کر دیکھتے جیسا کہ نص قرآن کی رو سے قرن اول میں کافر دیکھا کرتے تھے' پھر اس پندرہ منٹ کی نماز سے دلوں میں ولولے اور جگروں میں ایمان کے فوارے اٹھتے جو آسمان کو شگاف کر دیتے' پہاڑوں کو توڑ کر رکھتے' حکومت کا کونسا قانون' بتاؤ اس نماز کو روک سکتا' کون سا سکندر حیات حکم دیتا کہ تم لوگ خدائی ڈرل نہ کرو' یہ روحانی وردی نہ پہنو' یہ اللہ کا رنگ چھوڑ دو' دس سے زیادہ نمازی اکٹھے نہ ہوں' یہ دینی قطار نہ بناؤ' بتاؤ کہ حکومت اس روحانی ورزش کو کیونکر خلاف قانون قرار دیتی' اس دینی کسرت کو کیونکر منع کرتی؟ اس نمازی جماعت کو میم کے پردے سے نکال کر کیونکر نازی قرار دیتی؟ اگر کوئی شخص یا طاقت اس نماز کو ممنوع قرار دیتے تو آنکھ کی جھپک میں اس کی حیات کا خاتمہ ہو جاتا یا اسلام کا نام روئے زمین سے مٹ جاتا' مسلمان ایک طوفان بپا کر دیتے جسکو تھامنے کے لئے بیابان اور پہاڑ کافی نہ ہوتے' بڑی سے بڑی طاقت لرز کر فوراً پاؤں پر آگرتی اور دین خدا کی طاقت کا ثبوت تیرہ سو ساٹھ برس بعد پھر مل جاتا۔—

قرونِ اولیٰ کی نماز کے اجرا میں میری بزدلی

اب دس برس کی پس و پیش اور غفلت کے بعد مجھے معلوم ہوا کہ میں دراصل بڑا بزدل تھا جو محض انسانوں کے خوف کے باعث خاکساروں میں یہ نماز اور خدمت خلق جاری نہ کر سکا۔ بڑا بزدل تھا کہ صرف ڈرل کا چھلکا پکڑ لیا اور نماز کے مغز سے غفلت کرتا رہا' بڑا بزدل تھا کہ خاکساروں کو خوش کرنے کے لئے خدا سے دھوکا کیا' بڑا بزدل تھا جو ان کے متعلق اٹل احکام نہ دے سکا۔ خاکسار سپاہی بھی نماز اور خدمت خلق اس لئے نہ پکڑ سکے کہ میری طرف سے نرمی اور چشم پوشی تھی' میں صرف وقت کو ٹالتا اور آئیں بائیں شائیں کرتا' شف شف کہتا لیکن کبھی شفتالو نہ کہہ سکا' خاکسار نماز اور خدمت خلق میں

آسانیاں دیکھ کر اس سے کتراتے رہے اور سپاہیانہ قواعد' پیٹیوں اور وردیوں کو تحریک کا منتہا سمجھتے رہے' ڈرل میں نفس کا مزا اور غرور کی پرورش تھی' نماز اور خدمت خلق میں نفس کو دکھ اور شیطانی حس کو زیر کرنا تھا' ڈرل پر کسی طرف سے کوئی پابندی نہ تھی' نماز اور خدمت کی کسی طرف سے خاص تاکید نہ تھی' نماز کئی قرنوں سے پھیکی اور بے مزا بلکہ بے کار سمجھی جاتی تھی' اس کے ادا کرنے میں کوئی لم اور غرض نہ رہی تھی' خاکسار نے بالعموم یہ سمجھ لیا کہ اصل شے سپاہیانہ قواعد ہے' نماز اور خدمت خلق صرف تحریک کی پالیسیاں ہیں جو مولوی اور ملا کو خوش رکھنے کے لئے ساتھ لگا دی گئی ہیں۔ الغرض یہ پوزیشن ہے جس میں میں اپنے آپ کو سب سے زیادہ قصوروار پاتا ہوں' یقین ہے کہ اگر میں کافی طور پر جرات کرتا تو خاکسار تحریک میں نماز اور خدمت خلق سپاہیانہ قواعد سے زیادہ نمایاں ہو سکتے تھے۔ مجھ میں اگر لاگ لپیٹ نہ ہوتی تو دس برس کے اندر اندر یہ پیٹیاں' وردیاں اور سپاہیانہ قواعد سب خود بخود غائب ہو جاتیں' خاکسار خود کہتے اب پیٹیوں' وردیوں اور سپاہیانہ قواعد کی ضرورت نہیں رہی' اصلی قرون اولی والی اور چھتیس ہزار شہروں کو بارہ برس میں سر کرنے والی نماز پھر قائم ہو جاتی' خاکسار کا نام قطع نظر اس کے کہ وہ مسلمان یا ہندو ہو پھر خاکسار نہ ہوتا' پھر مسلم (یعنی تسلیم کرنے والا) ہوتا! خاکسار خدا کو پا کر اپنے پہچانے جانے کے ظاہری نشانوں اور وردیوں سے بے نیاز ہو جاتا' وہ اصلیت اور روح کو پھر سمجھ کر جسمانی علامتوں کو خود اتار پھینکتا' اس کو صرف اس کے چہرے سے پہچانا جاتا' خاکسار صرف چند لاکھ نہیں بلکہ کئی کروڑ ہوتے' خاکسار کے جسم کا رنگ (صبغۃ اللہ) خاکی وردیوں اور پیٹیوں کے رنگ سے کئی گنا زیادہ خود نمایاں ہوتا' خاکسار کی ہر حرکت اور چال ڈھال سے کرایہ کی فوج کے سپاہیوں سے کئی گنا زیادہ نظام ظاہر ہوتا' خاکسار سپاہی خدا کو صحیح معنوں میں اپنا مولا سمجھ کر لاہور کی شہید گاہ میں صرف پینتیس یا پچاس کی تعداد میں نہیں' ہزاروں اور لاکھوں کی تعداد میں جانیں دینے کے لئے تیار ہو جاتے' اور اگر کوئی ان کو چھیڑتا تو قطاروں کی قطاریں ناموس محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کٹ مرتیں۔ اصل میں اس تمام کوتاہی کا مجرم خود میں ہوں۔

"اے مسلمان! اگر تو نے اس قطار کو خاکسار سپاہی کے پچھلے دس برس کی ساڑھے تین ہزار راتوں کی تاریکیوں میں اپنے خون کی گرمی' پیٹ پر پتھر باندھ باندھ کر' اپنے عزیزوں کو بھوکا مار مار کر' اپنے بیوی اور جگر کے ٹکڑوں کی ناراضگیاں اور عدم توجہی کی شکائتیں ــــــ کر' اپنے گھر کے آدمیوں کے کفر کے فتواؤں کے زخم برداشت کر کے تیار کی ہے توڑ دیا' اگر تو نے اس ڈر سے کہ پنجاب کی حکومت اس قطار کو توپوں کی گرج اور تلوار کی کڑک سے اس لئے توڑنے کے درپے ہے کہ قطار میں قرون اولی کے مسلمانوں' سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے بہترین امتیوں اور قرون اولی کی پہلی شان نظر آنے لگی ہے تو یاد رکھ کر کہ جس دن یہ قطار ٹوٹ گئی تو اس دن اکیلا اور بے ایمان پھرے گا' خاکسار کے چہرے پر حوصلہ اور طاقت کے خمار کی جگہ پھر حیرانی اور مایوسی ہو گی' وہ تسبیح کے دانوں کی طرح بکھرا ہوا ہو گا اور پریشان اور سراسیمہ ہر طرف تکے گا کہ راہ کدھر کو ہے' وہ لڑکھڑا لڑکھڑا کر رکے گا اور ڈگمگا ڈگمگا کر چلے گا' اس کے اکھڑے ہوئے قدموں اور پتھرائی ہوئی نظروں میں موت اور شکست کے خراب مستقل طور پر مسلط ہوں گے اور قسمت کی سیاہیاں اس کے ویران گھر کو پھر سب طرف سے گھیر لیں گی۔"

قرون اولیٰ کی نماز میں تڑپ اور عجز پیدا کرنے والی غرض اور نماز میں بار بار سجدوں‘ بار بار ہاتھ باندھنے کی وجہ

قرون اولیٰ کی نماز میں سب سے غالب اور بے چین کر دینے والی غرض اھدنا الصراط
المستقیم صراط الذین انعمت علیھم کی غرض تھی‘ ہر مسلمان خدا سے یہ چاہتا تھا کہ وہ مسلمانوں کی
جماعت کو بغیر کسی ٹال مٹول اور راستے کی پیچیدگیوں کے اس منزل تک لے جائے جس منزل پر تمام
جماعت کو منعم لم یزل کی دنیاوی نعمتیں حاصل ہوتی ہیں‘ اس الصراط المستقیم کی تعریف مسلمان کے دل
میں الذین انعمت علیھم یا دوسرے الفاظ میں غلبہ جماعت کے سوا کچھ نہ تھی۔ یہ نعمتیں نقد اور دنیاوی
تھیں‘ اجتماعی اور مجموعی‘ قومی اور مشترک نعمتیں تھیں‘ انفرادی اور روحانی‘ اخروی اور ادھار ہرگز نہ
تھیں‘ ان نعمتوں سے مقصود کسی ایک یا دس شخصیتوں کا دو یا دس لاکھ بطور تجارتی یا انفرادی فائدہ حاصل
کرنا نہ تھا‘ نماز میں سب نماز پڑھنے والوں کا خدا سے واحد سوال تمام روئے زمین پر غالب آنا تھا‘ (اھدنا
کے جمع کے صیغوں سے ظاہر ہے کہ نعمت اجتماعی طور پر مانگی گئی ہے۔) تیروں اور تلواروں‘ گھوڑوں اور
نیزوں کے ماحول میں یہی ایک غالب خیال دل پر مسلط رہتا تھا‘ مسلمان اٹھتے بیٹھتے چلتے ٹھہرتے‘ سوتے
جاگتے اس دھن میں تھے کہ تمام جماعت جنھوں نے ایک دوسرے سے اخوت اور خدا کی غلامی کا عہد
باندھا ہے اس اخوت اور اتحاد کے زور پر دنیا کی سب قوموں پر بازی لے جائے اور تمام دنیاوی نعمتوں کی
مالک جلد از جلد اور سیدھے سے سیدھے راستہ سے ہو‘ اس منزل تک پہنچنے میں کوئی دیری نہ لگے‘ کوئی
پیچیدہ راستہ نہ چلا جائے‘ چند منٹوں میں‘ چند لمحوں میں‘ چند گھنٹوں میں چند دنوں ۔۔۔ حد چند مہینوں یا
چند برسوں میں یہ منزل حاصل ہو جائے۔ یہی وجہ تھی کہ اس انعمت علیھم کے مقابلے میں غیر
المغضوب علیھم ولا الضالین کے الفاظ تھے۔ اس غضب خدا اور گمراہی کی تعریف قرآن حکیم نے
ضربت علیھم الذلۃ والمسکنۃ وباو بغضب من اللہ“ اور و من یحلل علیہ غضبی فقد ھوی کے الفاظ
میں کی تھی۔ قرآن حکیم نے صاف اور غیر مشکوک الفاظ میں کہا تھا کہ جس قوم پر ذلت اور مسکنت طاری
ہو گئی‘ جو قوم اجتماعی اور سیاسی طور پر ہلاک ہو گئی‘ جس کی بادشاہت اور قوت چھین کر اسکو چوپائیوں کی
زندگی دے دی گئی‘ وہ قوم میرے غصے میں آگئی‘ مغضوب بن گئی‘ راہ سے بھٹک گئی‘ سیدھے راہ پر نہ رہی‘
الغرض قرون اولیٰ کی جماعت کے دل میں غالب خیال سب سے بڑی غرض کو‘ جلد حاصل کرنے کی بے
چینی میں‘ بار بار سجدے بار بار ہاتھ باندھنا‘ بار بار پاؤں پڑنا‘ بار بار اس سوال کو مؤدب ہو کر دہرانا‘ خشوع‘
عاجزی‘ خوف‘ اطاعت‘ غلامی‘ الغرض سب وہ باتیں تھیں جو ایک غرض مند شخص روزانہ کرتا ہے‘ اس
سپاہیانہ زندگی میں جو مسلمان کی پہلے تین سو برس رہی‘ جس میں مسلمان اخوت اور اطاعت امیر میں
شرابور‘ سر سے پاؤں تک مسلح اور گھوڑوں کی پیٹھ پر رہا کرتا تھا‘ جس میں اس نے لاکھوں اور کروڑوں
میل مارچ کیا اور تمام معلوم شدہ زمین پر آنا“ فانا“ پھیل گیا‘ نعمت کا مقصد کچھ اور لیا‘ یا خدا کے حضور

میں حاضری کی تڑپ کسی اور باعث سے ہونا دین اسلام کے ساتھ بددیانتی کرنا اور خدا کے دیئے ہوئے مقصد کو باطل کرنا ہے۔ —

قرون اولیٰ میں خدا کے حضور میں بار بار حاضر ہونے کی وجہ کیا تھی؟ اس وقت نماز کا مقصد کیا تھا؟

اس دن رات کی لگن اور غرض کے ساتھ ساتھ قرون اولیٰ کے مسلمان میں نماز کا سب سے بڑا محرک یہ اعلان و یقین تھا کہ اگرچہ نعمت کی منزل تک پہنچنے کے لئے اخوت' اتحاد اور جہاد کے ان تمام اسباب کو فراہم کرنا لازمی ہے جو قرون اولیٰ نے پیش کئے تھے لیکن ان تمام اسباب کے ہوتے ہوئے مسبب الاسباب اور نتائج پیدا کرنے والا خدا ہی ہے' اور وہ خدا ایسا خدا ہے کہ باوجود سب سے بڑا حاکم ہونے کے انسان کی گزارشیں ضرور سنتا ہے' بشرطیکہ دردِ دل سے اور بار بار اس کے حضور میں کھڑے ہو کر اپنی معروضات پیش کی جائیں (وادعونی استجب لکم بلکہ وہ خدا ان معروضات کے بعد منزل تک جلد پہنچانے کے اسباب ہمارے اپنے پیدا کئے ہوئے اسباب کے علاوہ خود پیدا کر دیتا ہے۔ یہ وجہ تھی کہ قرون اولیٰ کا مسلمان جہاں فتح و ظفر کی منزل کے اسباب بدرجہ اتم پیدا کرتا تھا' میدان میں جان پر کھیل جاتا تھا' نظم و نسق اور اطاعت امیر کا مکمل نمونہ تھا' وہاں اس کا اس امر پر پورا ایمان تھا کہ اعمال صالحہ اور اسباب کے بعد نتائج کا پیدا کرنے والا اور آخری منزل تک پہنچانے والا صرف خدا ہے' اس ایمان کا انسان میں ہونا ان کے نزدیک اسی قدر لازمی تھا جس قدر کہ اسباب یا اعمال صالحہ کا ہونا اٹل تھا۔ آیہ استعینوا بالصبر والصلوٰۃ کے صحیح معنی "صبر" یعنی اعمال صالحہ اور "الصلوٰۃ" یعنی ایمان کا ہونا ہے۔ —

اعمال صالحہ کا مفہوم دراصل کیا تھا

— اس بنا پر قرون اولیٰ کے مسلمان نہ اسباب دنیوی سے غفلت کرتے اور نہ خدا کے حضور میں لپک لپک کر پہنچنے سے کتراتے۔ فتح کی منزل تک جلد پہنچنے کے لئے ان کے پاس یہی دو ہتھیار یعنی "صبر و استقلال" اور "الصلوٰۃ" تھے۔ یہی دوسرے معنوں میں اعمال صالحہ اور ایمان تھے' سامان جنگ' اطاعت' اتحاد' صداقت' نظم و نسق وغیرہ کا ہونا اعمال صالحہ تھے' خدا کی منزل تک پہنچانے والی طاقت پر یقین اور اس کے حضور میں یہی تڑپ ایمان تھا' اسباب دنیوی کو ہر ممکن طریقے پر مہیا کرنا صبر تھا اور خدا کی درگاہ میں ولولے اور غرض سے جانا الصلوٰۃ تھی۔ وہ صبر اور استقلال سے ہر ممکن اسباب دنیوی اپنی کوشش کی آخری حد تک پیدا کرتے اور الصلوٰۃ یعنی نماز کے سچے ولولے سے مسبب الاسباب خدا کے جذبۂ رحم کو حرکت میں لا کر اور اس طرح سے اپنے حوصلوں کو بلند کر کے فتح و ظفر کی منزل کو قریب تر کر دیتے۔ قرآن حکیم میں یاایھا الذین امنو استعینوا بالصبر والصلوٰۃ یعنی اے ایمان والو! فتح کی منزل تک پہنچنے کے لئے صبر اور نماز سے مدد مانگو' نیز ہر امنوا کے لفظ کے بعد عملو الصلحت کے الفاظ یعنی اسباب دنیوی اور

مناسب اعمال کے ساتھ ساتھ خدا کی خدائی پر مکمل یقین اسی وجہ سے ہیں۔ قرآن کو سمجھ کر پڑھنے والے اس نکتہ پر انتہائی غور کریں۔ آج اس عظیم الشان جنگ میں جس میں عظیم الشان سلطنتوں کی قسمت اور بدکرداریوں کا فیصلہ نہایت بے رحمی سے ہو رہا ہے، ہٹلر کا ہر جنگ کے بعد خدا کو پکارنا اور انگلستان کے وزیر اعظم کا ہر حملے کے بعد اللہ کو یاد کرنا اور اسی سے مدد مانگنا اس بات کی دلیلیں ہیں کہ انسان کے لئے مکمل سامان جنگ کے ساتھ ساتھ خدا کی مدد کس قدر لازمی اور اٹل ہے۔۔۔

وہ کیا ایمان و یقین تھا جس نے نماز کے ذریعے سے قرون اولیٰ کے مسلمانوں میں بے پناہ نظام پیدا کر دیا تھا؟ نمازی کے دل کی کیا کیفیت تھی؟

الغرض ایمان کی اس کیفیت کے باعث قرون اولیٰ کی نماز صحیح معنوں میں فتح و ظفر پیدا کرنے والی نماز تھی۔ مسلمان اس یقین کے باعث کہ ہمارے تمام اسباب دنیوی کی فراہمی کے باوجود نعمت کی منزل تک پہنچانے والا صرف خدا ہے اس لئے وہی لائق ہے کہ ہم اس سے بار بار اس منزل تک پہنچانے کی گزارش کریں، وہ اس نماز کو صحیح معنوں میں قائم کر کے نہ صرف روحانی بلکہ جسمانی طور پر منظم ہو گئے تھے۔ وہ اپنی غرض کی وجہ سے ہی فوج کے سپاہیوں کی طرح ٹھیک مقررہ وقت پر قطار میں کھڑے ہوتے۔ اسی یقین کی وجہ سے کہ خدا نعمت کی منزل تک پہنچانے والا ہے اور "رسمی طور پر نہیں" بلکہ اس حاکم کے رعب و جلال سے ڈر کر فوجی سپاہیوں کی طرح ہاتھ باندھ کر کھڑے ہو جاتے، صفیں تیر کی طرح سیدھی ہوتیں تاکہ بڑا جرنیل ٹیڑھی قطار کو دیکھ کر ناراض نہ ہو جائے، وہ فوج کے سپاہیوں کی طرح سینے نکال نکال کر خدا کو دکھاتے کہ ہم تیرے سپاہی ہیں اور مقرر کئے ہوئے امام کے حکم پر کٹ مرنے کے لئے تیار ہیں۔ وہ نماز کی قطار میں چاق و چوبند کھڑے ہوتے کہ اللہ کو اپنی فوج چست نظر آئے اور وہ نعمت کی منزل تک جلد پہنچائے، حضرت عمرؓ درہ ہاتھ میں لے کر ان کو درست کرتے تاکہ اللہ کے سپاہی ڈھیلے ڈھالے نظر نہ آئیں، سب جماعت فوج کے سپاہیوں کی طرح یکساں حرکت کرتی، یکدم اٹھتی، یکدم گرتی تاکہ بڑا جرنیل اس کی مستعدی دیکھ کر جلد منزل تک پہنچا دے، بہت سا راستہ نہ طے کرنا پڑے۔ فاروق اعظمؓ نماز کی صفوں کو اس قدر سیدھا چاہتے تھے کہ ایک تیر صف کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک کسی نمازی کو لگے بغیر گزر جائے۔ جن لوگوں کے سینے ذرا صف سے باہر نکلے ہوئے ہوتے تھے ان کو بے دھڑک درے سے درست کیا جاتا تھا، صفیں سیدھی کرنے کے بعد ان کا امام ہر قوے پر فوج کے سپاہیوں کی طرح چال ڈھال سے بزبان حال اور ساتھ ہی منہ سے اقرار کرتا "اے خدا! ہم تیرے حکم کے بندے ہیں (ایاک نعبد) اور تجھی سے درخواست کرتے ہیں کہ ہمیں جلد منزل تک پہنچا (ایاک نستعین)۔ الغرض قرون اولیٰ کے مسلمان کا ایمان اپنے سب سے بڑے جرنیل پر زندہ ایمان تھا اور اس ایمان کا نتیجہ یہ تھا کہ مسلمان بغیر وردیوں اور پیٹیوں کے، بغیر ڈرل اور نشان اخوت کے مکمل فوجی اور جنگی سپاہی بن گئے تھے کہ انہوں نے آنکھ کی جھپک میں تمام روئے زمین کو اپنے پاؤں کی آہٹ سے ہلا دیا۔ ان حالات میں

قرون اولیٰ کی نماز پھر قائم کرنے کا بہترین موقع

ادارہ علیہ کا حکم

میں ہندوستان بلکہ بیرون ہندوستان کے تمام خاکساروں کو حکم دیتا ہوں کہ جنگ کے زمانے میں روزانہ

نماز قائم کریں اور اس جنگ کے ختم ہونے سے پہلے پہلے تمام ہندوستان کے مسلمانوں کی کایا پلٹ دیں۔ اس نماز تک پہنچنے کے لئے میں نے مفصل کیفیت بیان کر دی ہے۔ نماز پڑھنے والے کی ظاہری چستی اور باطنی کیفیت دونوں واضح کر دی ہیں۔ اب صرف زیادہ مفصل الفاظ میں روزانہ پروگرام واضح کرنا باقی ہے

پابندیوں کی وجہ سے قیام نماز کا نادر موقع اور پابندیوں کا آیہ رحمت ہونا

خاکسار سپاہی کو میں کہوں گا کہ اب چھ ماہ کی ڈھیل کے بعد اس قطار کے توڑنے کے حکم نکل چکے ہیں' لاہور اور خانیوال کی چار شہید گاہوں کے بیسیوں شہداء کی جوانیوں کا خون اس دردناک شکست کو جوڑ نہیں سکا جو اب پیدا ہونے کو ہے' بیسیوں اور سینکڑوں ماؤں کی آہیں' بہنوں کی چیخیں اور سہاگنوں کے نوحے دفتر رحمت کے پرزوں سے اس شگاف کو بند نہ کر سکے جو حکومت وقت تلوار کی نوک اور توپوں کے گولوں سے پیدا کر چکی ہے' زور آور کا زور ارادہ کر چکا ہے کہ ناطاقت اور بے بس کو مٹا دے پھر عدل و اسلام کی جگہ ظلم اور کفر کا بول بالا ہو' ایسی حالت میں تقاضائے حکمت یہ ہے کہ ہم اپنے اس گناہ کا جائزہ لیں جس نے یہ صورت پیدا کی ہے' اس درماندگی کو دیکھیں جس کے باعث ہمارے اسلام میں کسر رہ گئی ہے۔ میرے یقین میں پچھلے دس سال کا گناہ یہ ہے کہ ہم نے اور سب کچھ کیا ہو لیکن قرون اولیٰ کی الصلوۃ کو قائم نہیں کیا' ہم نے خدا کے حضور میں جانے کی اونی تڑپ اب تک پیدا نہیں کی۔ نماز بڑی مدت سے اور بالخصوص زوال سلطنت کے وقت سے مسلمان کے نزدیک ایک بیگار اور مصیبت ہی رہی ہے' قرآن میں اس نماز کے متعلق انھا لکبیرۃ الا علی الخشعین' لکھا ہے کہ یہ نماز ماسوا ان لوگوں کے جو میرے انعاموں کی تڑپ اور میری سزاؤں کا خوف رکھتے ہیں باقی سب کے لئے بیگار ہی بیگار ہے' لکھا ہے کہ جب تک مجھ سے خوف و رجا پیدا نہ ہو جب تک انسان کے اندر مجھ سے کچھ لینے کی غرض اسے مضطرب نہ کرے حضور میں آنے کا شوق کیونکر پیدا ہو سکتا ہے۔ انسان کی طبیعت اور فطرت یہ ہے کہ جس سے غرض پیدا ہو گئی فوراً اس کی طرف بھاگ دوڑ کرتا ہے' اعضا اس وقت حرکت کرنے لگ جاتے ہیں' اس کی ملاقات تو خیر' اس کے تصور اور خیال سے بدن میں بجلیاں دوڑنے لگتی ہیں' ہر وقت خواہش رہتی ہے کہ اس سے مل کر اپنی غرض پوری کی جائے' اس کے سامنے آکر بلکہ اس کی طرف جاتے ہوئے عاجزی اور خشوع خود بخود پیدا ہو جاتے ہیں' شہر کے حاکم' دلفریب معشوق بلکہ کسی مالک بیم و رجا کے پاس جانے کی خواہش اسی وقت تک ہے کہ اس سے کچھ حاصل کرنے کی غرض ہے' کوئی مطلب پورا ہوتا ہے' جس کو کوئی غرض نہیں وہ کیوں حاضر ہو' اس کی حاضری اسے بیگار کیوں نہ لگے۔ انسان کا مغرور نفس اسی وقت عاجز ہو جاتا ہے' اسی وقت حاکم کے پاؤں پڑتا ہے' اسی وقت اس کے سامنے جھکتا ہے' اسی وقت سجدے کرتا ہے جب اس کے دل میں کسی شے کی لگن ہو' اس شے کو حاصل کرنے کی بے چینی ہو' کوئی سوال درپیش ہو۔ بڑے سے بڑے حاکم کے پاس کوئی نہیں جاتا جب تک کہ اس کی کوئی غرض نہیں ہوتی۔ پس مسلمانو! یاد رکھو کہ جب تک خدا سے غرض نہ پیدا کرو گے تمہاری نماز کبھی بیگار سے بہتر نہیں ہو سکتی۔

نماز کا کیف جو مسلمان سپاہی کو اب پھر پیدا کرتا ہے

سورہ فاتحہ کا صحیح مفہوم

نماز کی قطار میں نیا کیف جو مسلمان سپاہی کو اب قرنوں بلکہ کئی صدیوں کے بعد پھر پیدا کرتا ہے یہ

ہے کہ ہم اللہ کے سپاہی ہیں' خدا ہمارا جرنیل اعظم ہے' ہم اس کے حضور میں اس کا حکم ماننے کے لئے حاضر ہوئے ہیں' اسی لئے ہم سپاہیانہ رنگ اور ایک قطار میں ہیں' ایاک نعبد کے الفاظ کہہ کر ہم اس امر کا اقرار کرتے ہیں کہ ہم اسکے حکم پر اپنی جانیں حاضر کر دیں گے' ہمارا امام جو آگے کھڑا ہے ہمارا صحیح معنوں میں سردار ہے' وہ اس فوج کا سالار ہے جو خدا کی پیشی میں کھڑی ہے' وہ اس فوج کو خدا کی پیشی میں معائنہ کے علاوہ کچھ عرض و معروض کیلئے بھی لایا ہے' اس کو آگے اس لئے کیا گیا ہے کہ وہ خدا کا بڑا حکم ماننے والا ہے اور اس کا مقرب ہے' وہی خدا کے حضور میں آگے بڑھ کر عرض کر رہا ہے' ہم اس کے پیچھے خاموش کھڑے ہیں اور گزارش اس امر کی کی جا رہی ہے کہ اے بار الٰہی! تو جلد سے جلد اور تھوڑے سے تھوڑے وقت میں بغیر کسی پیچیدہ رستے کی طرف لے جانے کے مختصر سے مختصر اور سیدھے راستے سے ہمیں اس منزل تک پہنچا جس منزل پر پہنچ کر تیری نعمتیں اور تیرے انعام قوموں کو ملتے ہیں۔ (اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم) اس راستہ کی طرف نہ لے جا جس راستہ پر چل کر تیرا قہر نازل ہوتا ہے' قوموں کی ہلاکت ہوتی ہے' وہ سیدھے راہ سے بھٹک کر ذلت اور مسکنت میں گرفتار ہو جاتی ہیں۔ (غیر المغضوب علیھم ولا الضالین)۔ جہاں ہم اس امر کا اقرار کرتے ہیں کہ ہم تیرے ہی حکم کے بندے ہیں (ایاک نعبد) وہاں ہمیں اس امر کا کامل یقین ہے کہ باوجود ان تمام دنیوی وسائل کے جو ہم نے پیدا کئے ہیں' باوجود اس تمام اتحاد عمل کے اور اخوت کے جو ہم میں ہے' باوجود اس اطاعت امیر کے جو ہم میں موجود ہے' باوجود ان دنیاوی وسائل' سازو سامان اور گھوڑوں کی چھاؤنیوں اور میدان میں پیٹھ نہ پھیرنے اور خدا کی جنت کے بدلے میں اپنی جان و مال بیچ دینے کے جسکا حکم تو نے اپنے قرآن عظیم میں دیا ہے ہم تیری معاونت اور مدد کے بغیر منزل تک نہیں پہنچ سکتے کیونکہ اصلی کار ساز اور مسبب الاسباب تو ہی ہے اور سب دنیا کی قومیں تیری ہی آخری مدد کی محتاج ہیں (وایاک نستعین) تو ہی سب سے بڑا اور عظیم ہے (اللہ اکبر) تیرے سوا کسی کو بڑائی نہیں' اس تمام کائنات میں جو کروڑوں اور اربوں میل تک ہے' جو دنیائیں بس رہی ہیں' تیری ہی پرورش اور نگہداشت سے ہیں' تو اگر خود ان کو امن و آسائش کی منزل تک پہنچانے کے اسباب پیدا نہ کرے تو یہ از خود اپنے اسباب دنیوی سے انعمت علیھم کی منزل تک نہیں پہنچ سکتیں' اس بنا پر اگر بول بالا ہے تو تیرا ہی ہے' اور اگر حمد ہے تو صرف تیری ہی ہے (الحمد للہ رب العالمین) تو بڑا رحمان و رحیم ہے کیونکہ تیرے ہی رحم و کرم پر ہماری سب واماندگیاں نظر انداز کی جاتی ہیں' تو انسان کی غفلتوں پر بڑا پردہ پوش اور ان کی کوتاہیوں کے باوجود ان سے بڑا درگزر کرنے والا ہے جو ان کو انعمت علیھم کی منزل پہنچاتا رہتا ہے' ورنہ تو اگر ان پر گرفت کرنے لگتا تو روئے زمین پر ایک متنفس نہ چھوڑتا (الرحمن الرحیم)۔ تو نے جہاں دنیا میں انسان کو اپنے اعمال کا ذمہ دار ٹھہرا کر اسکو اس امر کا اختیار دیا ہے کہ وہ تجھ سے سرکشی کرے اور تیرے حکم کو نہ مانے اور دنیا کو بغاوت کدہ بنا دے وہاں روز جزا و سزا کا مختار مطلق تو ہی ہے' اس دن کسی کو اختیار نہیں ہو گا کہ تیری پکڑ سے آزاد ہو جائے' کوئی بغیر تیرے اذن کے سفارش کرے' کوئی قوم اس قانون سے بچ جائے جو تو نے جاری کیا ہے (مالک یوم الدین)۔ ہم تیری جناب میں اس لئے آئے ہیں کہ ہماری جماعت کو جو اپنی جانیں ہتھیلیوں پر رکھ کر تیرے دربار میں کھڑی ہے قوت اور غلبہ' امامت اور عروج' بادشاہت اور دعائے سلیمانؑ کے الفاظ میں (رب ھب لی ملکا لا ینبغی لاحد من بعدی) کی حد تک پہنچا دے' تاکہ ہم وارث زمین ہو کر

الحقنی بالصالحین) کے درجہ تک پہنچ جائیں اور ان الارض یرثہا عبادی الصالحون" کے قرآنی محاکمہ کے مطابق تیرے صالح اور اصلح بندوں میں شمار ہوں (انعمت علیھم) سورت کے تمام حصوں پر اگر غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ باقی سب جیسے انعمت علیھم کی گزارش کو پر اثر کرنے کے لئے ہیں اور خوف سے اٹھنا بیٹھنا جھکنا اور ماتھا رگڑنا بھی اسی بڑی خواہش کو منوانے کے انداز ہیں۔ سورۃ فاتحہ کو سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام پر وحی کرنے کا احسان قرآن حکیم میں الگ جتلایا گیا ہے۔ (ولقد اتینک سبعامن المثانی القرآن العظیم الخ) پس غور کرو کہ سورۃ فاتحہ کیا تھی" (الخ)

نماز کے اس کیف سے نظام کا پیدا ہو جانا اٹل ہے

— الغرض نماز کا بڑا حصہ اور اس کا بڑا کیف یہ سپاہیانہ گزارش ہے جو سورہ فاتحہ کے الفاظ کی صحیح روح میں ہے۔ اسی انعمت علیھم کے نصب العین میں قرون اولیٰ کی ہر جماعت ہر وقت گرما گرم رہا کرتی تھی اور یہی نصب العین آج پھر مسلمانوں کو گرما سکتا ہے۔ اسی روح کو جسم میں جاری و ساری کر کے خدا کے حضور میں سینے خود بخود تن جاتے ہیں' صفیں خود بخود تیر کی طرح سیدھی ہو جاتی ہیں' نمازی کی ہر حرکت چست اور یکساں ہو جاتی ہے' ہر نمازی میں ولولہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ اپنی ظاہری چال ڈھال اور بدن کی چستی سے ظاہرا طور پر بھی ثابت کر دے کہ وہ اللہ کا سپاہی ہے' اللہ کے حضور میں حاضری دینے آیا ہے' خدا کے سپاہیوں میں اپنی گنتی کرانے کے لئے اپنا نام صف اول میں دکھانے کا خواہش مند ہے' اسی روح کو دل میں پیدا کر کے خدا کا تقویٰ یعنی خوف اور ڈر صحیح معنوں میں ان سپاہیوں کا ہو جاتا ہے جو اپنے جرنیل کی محبت اور ڈر سے میدان جنگ میں جان دینے سے گریز نہیں کرتے' جو اس خوف کے باعث اپنے حاکم اعلیٰ کی خوشنودی کے درپے ہر وقت رہتے ہیں' اسی سورہ فاتحہ کی صحیح منشا کو پا لینے کے بعد نماز کے نظام کا سچا مطلب واضح ہوتا ہے' انعمت علیھم کی منزل کا راستہ ملتا ہے' امام نماز کی جو آگے ہو کر خدا کے حضور میں بول رہا ہے (درآنحالیکہ باقی سب دم بخود اور ہونٹوں پر پپڑیاں جمائے کھڑے ہیں) یہی حیثیت واضح ہوتی ہے' اسی وقت یقین ہوتا ہے کہ یہ امام دراصل ہمارا سردار' ہمارا حاکم' خدا کی راہ میں سب سے زیادہ جان دینے والا' اسکا بڑا مقرب اور بڑا "خان بہادر" ہے' اس کو اپنے عمدہ کارناموں کے باعث حق حاصل ہے کہ خدا کے حضور میں جا کر بات کر سکے' یہی وجہ تھی کہ رسول خدا صلعم اور خلفائے راشدین خود امامت کراتے تھے' یہی وجہ تھی کہ نماز کے وقت نمازی ہتھیاروں سے لیس ہوئے اکثر میدانوں میں نمازیں پڑھتے' رسول خدا صلعم نے خاص طور پر ہدایت کی تھی کہ میدانوں میں جوتوں سمیت نماز پڑھی جائے' قرآن میں حکم تھا کہ مسجدوں میں نمازی ہتھیاروں سے سج کر آئیں' صاف تنبیہہ تھی کہ مومنو کی زینتوں اور ان چیزوں کو جن سے ان کی سجاوٹ ہے کس نے مسجدوں میں حرام کیا ہے (قل من حرم زینتہ الخ) بلکہ صاف کہا کہ یہ زینتیں تو خالصتاً روز قیامت تک مومن بندوں کے لئے وقف ہیں۔

[i] *Allama Mashriqi Narrowly Escapes the Gallows: Court Proceedings of an Unpardonable Crime Against the Man Who Led the Freedom of the Indian Subcontinent*. Author: Nasim Yousaf

[ii] Under British Rule, most of South India was integrated into a region called the Madras Presidency. In 1956, the Madras Presidency was disbanded and Tamil Nadu was established.

[iii] *Al-Islah* April 16, 1937, p.1

[iv] *The Pakistan Times*, Lahore, May 07, 1962